© rasailojaraid.com



آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا بیان ہے۔ تیسرے باب میں اسلامی فتوحات، چوتھے میں بنو امیہ اور پانچویں میں بنو عباس کے عہد کا تذکرہ ہے۔ آخری باب شمالی افریقہ اور اسپین کے عربوں کی تہذیب کے لئے وقف ہے۔ شروع میں فاضل مترجم کا مبسوط مقدمہ بجائے خود مفید ہے اور اس سے کتاب کے سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ اسلامی تاریخ کے طلبا کے لئے اس کتاب کا مطالعہ بڑی دلچسپی اور فائدہ کا موجب ہوگا۔

**سیدہؓ کی بیٹی** از جناب رازق الخیری صاحب۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت ۸؍ پتہ عصمت بکڈپو دہلی

یہ کتاب سید الشہدا امام حسین رضی اللہ عنہ کی بہن حضرت زینبؓ کی سوانح عمری ہے جس میں خاندانی حالات اور پیدائش سے لیکر وفات تک کے واقعات وسوانح کا بیان ہے۔ زبان سہل و آسان اور دلچسپ ہے۔ معلومات کے فراہم کرنے میں لائق مصنف کو خود ان کے اپنے بیان کے مطابق بڑی محنت کرنی پڑی ہے اور انھوں نے حتی الوسع مورخانہ فرض پر قائم رہنے کی کوشش کی ہے لیکن اس کے باوجود بعض واقعات خصوصاً جن کا تعلق واقعۂ کربلا سے ہے ایسے لکھدیئے گئے ہیں جن کا تاریخی پایہ مسلم نہیں ہے۔ تاہم اس حیثیت سے کہ خانوادۂ نبوت کے ایک چشم وچراغ کا تذکرہ ہے اس کتاب کا مطالعہ دل کی روشنی اور نور ایمان کی زیادتی کا موجب ہوگا۔

© rasailojaraid.com